Presented by: Rana Jabir Abbas

سوز

20 MAR 2001

اپنے بچوں کے لئے ایک پرانی کتاب سے

طالب دعا عائلہ سید جبار حسین مرحوم

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com

http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

فہرست سوز اہل زمین

نمبر	ابتدائی مصرع	صفحہ	نمبر	ابتدائی مصرع	صفحہ
۱	لاشے پہ حسینؑ کے جب آئی زینب	۹	۱۴	بشر کے جسم سے رنج فراق جاں پوچھو	۱۴
۲	دل صاحب اولاد سے انصاف طلب ہے	۹	۱۵	جب کھائی سناں سر پر یاس حسنی تنے	۱۴
۳	وہ درد ماں کے دل پہ جو گل ہو گلستاں رسالت کا	۱۰	۱۶	غش سے جب عابد بیمار نے فرصت پائی	۱۴
۴	عباسؑ کو حسینؑ جو دریا پہ رو چکے	۱۰	۱۷	بہی فرات پہ پیاسوں کے خون کی ندی	۱۵
۵	مر جائے جو فرزند تو کیا جاتا ہے	۱۱	۱۸	قدرت کے آفتاب کا مطلع حسینؑ ہے	۱۵
۶	تھا حکم یہ یزید کا پانی بشر پئیں	۱۱	۱۹	دل سب کا اسی باغ سے وابستہ ہے	۱۵
۷	جبکہ مارے گئے دریا کے کنارے عباسؑ	۱۲	۲۰	کہتا نہیں میں یہ کہ بجا کہتے ہیں	۱۶
۸	شہ نے کہا عابدؑ سے کہ اب گھر نہیں دار	۱۲	۲۱	ہر جزو کل کو عشق خدا ہے تعدد حال	۱۶
۹	شہ کہتے تھے زینب سے کہ نہ گھبراؤ بہن	۱۳	۲۲	جب شام کے حاکم نے خبر دار سے پوچھا	۱۶
۱۰	جب رن میں اسیر ہو کے آئی زینب	۱۳	۲۳	عشق خدا کا بار نہ کیسا ہے اٹھا	۱۷
۱۱	کہتی تھی سکینہ نانا اٹھانیوالا	۱۳	۲۴	کسی کا درد لے یار کوئی پیدا کیا جاتا ہے	۱۷
۱۲	کیا مرتبہ شاہ حجازی کا ہے	۱۳	۲۵	اصغر کو جب گود میں لیکر سر رن کو جاتا	۱۷
۱۳	اس کو مجرا جو سیاں کرتی تھی بھائی	۱۳	۲۶	خدمت شاہ میں خصوصیت جب آئے اکبر	۱۸

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

فہرست سوز

نمبرشمار	ابتدائی مصرع	صفحہ	نمبرشمار	ابتدائی مصرع	صفحہ
۷۹	ستم درازی دوراں اب بھی چین نہیں ہے	۳۹	۹۲	جہاں میں گزرے ہیں عشاق ایسے بھی اکثر	۴۳
۸۰	کشتۂ جور و جفا دین کے نگہبان حسینؑ	۳۹	۹۳	اک روز حسنؑ کے چار طرف عیسیٰ کی خبر	۴۴
۸۱	یاد آؤں تو افسوس نہ اصلاً کرنا	۳۹	۹۴	گزر منزل تسلیم و رضا مشکل ہے	۴۵
۸۲	حرؑ عسکر اسلام کا سالار ہوا	۴۰	۹۵	شہر مدینہ کا بیوپاری بھرا پرا بنجارا ہے	۴۵
۸۳	اے خاک کربلا تو اس احسان کو نہ بھول	۴۰	۹۶	چلتے چلتے گیا شبیرؑ کا لاہوار جو تھم	۴۶
۸۴	اے مسافرہ غربت کے مدینے والے	۴۰	۹۷	اے صبا گلشن احمدؐ پہ خزاں کیوں آئی	۴۶
۸۵	عیاں ہوتا ہے حق گمراہیاں جب سے بڑھتی ہیں	۴۰	۹۸	حاصل جسے مولا کی حضوری ہو جائے	۴۶
۸۶	ریتی کی سجدہ گاہ پہ خون پیمبری	۴۱	۹۹	آب آتش ایک ہی گویا ہو گیا ہو گر لگا	۴۷
۸۷	شور ہے شام کے لشکر میں کہ عباسؑ آتے	۴۱	۱۰۰	حسینؑ گھوڑے پہ جس دم ڈگمگانے لگا	۴۷
۸۸	اک طفل شیر خوار کی ہے داستاں عجیب	۴۲	۱۰۱	پہنچی یہ سکینہؑ کو خبر جب کہ کسی سے	۴۸
۸۹	آنکھوں کی طرح قلب پیمبرؐ میں حسینؑ	۴۲	۱۰۲	عالم میں جو تھے فیض کے دریا وہ کہاں ہیں	۴۸
۹۰	جو حاصل حیات تھا عالم میں وہ حسینؑ	۴۳	۱۰۳	کھا کر سناں جو سینہ پہ اکبرؑ گزر گئے	۴۹
۹۱	شام سے مقتل میں آئے جس گھڑی ابن البنا	۴۳	۱۰۴	جو وقت طبل جنگ بجا فوج ظلم میں	۴۹

فہرست سوز

نمبرشمار	ابتدائی مصرع	صفحہ	نمبرشمار	ابتدائی مصرع	صفحہ
۱۰۵	بتائیں کربلا میں ہم کو کیا معلوم ہوتا ہے	۵۰	۱۱۸	قرآں اک حسینؑ نام پر پڑھتی تھیں زینبؑ	۵۵
۱۰۶	جب سنا شمرؑ نے سقائے حرم آتا ہے!	۵۰	۱۱۹	تشنگی شاہ کی کیوں یاد نہ دلائے گھٹا	۵۶
۱۰۷	کام آئے رفقا شاہ کے جب میداں میں	۵۰	۱۲۰	سنو یارو کام حسینؑ نے رہ عشق میں جو کیا	۵۶
۱۰۸	جس روز کہ ہوا اذا السماء انشقت	۵۱	۱۲۱	کبوتر غرق خوں ہو کر صغراؑ پہ جو آ بیٹھا	۵۶
۱۰۹	دیکھا جب ہندہ نے سجادؑ کو زنداں میں اسیر	۵۱	۱۲۲	روئیں پربت پہاڑ بھی بن بن پکار	۵۷
۱۱۰	محمدؐ مصطفےٰ نے جس گھڑی دنیا سے رحلت کی	۵۲	۱۲۳	شہ کہتے تھے بیٹا مری دولت ہے تجھ پر ولد تابہ بابا	۵۷
۱۱۱	مقید کر کے زین العابدینؑ کو لے چلے جس دم	۵۲	۱۲۴	اکبرؑ نے کہا بابا دعائیں پڑھنا	۵۸
۱۱۲	اے شافع محشر جزا بلغ العلیٰ بکمالہ	۵۳	۱۲۵	لوٹ لیا بنجارہ بن میں	۵۸
۱۱۳	شمرؑ تو لاشہ سے اب بھی کوئی پیاسا ہے	۵۳	۱۲۶	شہ کہتے تھے زینبؑ سے نہ گھبراؤ بہن	۵۸
۱۱۴	ندیا کنارے بابو بی گھڑی یہ پکار شبیرؑ کی	۵۳	۱۲۷	تو اپنے ایک جام پہ نازاں ہے ساقیا	۵۹
۱۱۵	خدا کا نما امت کا خلاصہ رسول کا نواسہ کوثر کا	۵۴	۱۲۸	جب حرم آئے امیر شام کے دربار میں	۵۹
۱۱۶	آج مدینہ میں ہیں غم کی فراوانیاں	۵۴	۱۲۹	اے سبط نبی وہ کام کر دکھایا تو نے	۵۹
۱۱۷	عزیزو آج یہ نیزہ رنگ سے رہے ہیں	۵۵	۱۳۰	لاشے جب زینبؑ کے دونوں لاڈلوں کے دیکھے تو دیں	۶۰

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas
jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

فہرست سوز

نمبر	ابتدائی مصرع	صفحہ	نمبر	ابتدائی مصرع	صفحہ
۱۳۱	ظہر تک جب نقاشا کے مقتول ہوئے	۶۰	۱۴۱	قیامت آئی حرم سرا میں جو شاہ دیں کی سواری آئی	۶۴
۱۳۲	نکلے خیمے سے جو ہتھیار لگائے عباسؑ	۶۱	۱۴۲	عالم میں بے مثال ہے یہ کربلا کی جنگ	۶۴
۱۳۳	بشر کے جسم سے رنج فراق جاں پوچھو	۶۱	۱۴۳	یں ایک نصاریٰ سے میں از رہِ دانا	۶۵
۱۳۴	ایمان جس کا پھل ہے وہ ایما حسینؑ ہے	۶۲	۱۴۴	ظلم و ستم و جور کی طاقت لے لی	۶۵
۱۳۵	جب بات عبادت میں بسر کی شہ دیں نے	۶۲	۱۴۵	پانی جو وہ فاطمہ کا جانی مانگے	۶۵
۱۳۶	نونہال چمن فاطمہ زہرا حسینؑ	۶۲	۱۴۶	یونہی زیست کے دن گذر جائیں گے	۶۵
۱۳۷	آفاق میں کبھی یہ ستم کا چلن نہ تھا	۶۳	۱۴۷	خواب میں کس کو بہلا دل کا عطا عہد ہوا	۶۶
۱۳۸	مضطر دل سلطان حجازی نہ ہوا	۶۳	۱۴۸	کہتی تھی سکینہؑ گھر کا جلتا دیکھا	۶۶
۱۳۹	لگے ہتھیار جب اکبرؑ لگاتے	۶۳	۱۴۹	شہ کہتے تھے خالق کا تماشا ہو نہیں	۶۶
۱۴۰	اکبرؑ نے کہا بابا عبث مضطر تم ہو	۶۴	۱۵۰	مرقد بھی شہید کے بنائے نہ گئے	۶۶

صفحہ ۶۷ پر میر انیس کی رباعیات اور مختلف مرثیوں
میں سے چند مکالمات رخصت اور واقعات رزم ملاحظہ فرمائیے!

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

سوز نمبر ۱

لاشے پہ حسینؑ کے جب آئی زینبؑ ... آفت کے سخن لب پہ یہ لائی زینبؑ
بھائی نہ ملے گا مجھے تجھ سا بھائی ... ڈھونڈیگی اگر ساری خدائی زینبؑ

سوز نمبر ۲

دل صاحب اولاد سے انصاف طلب ہے ... دُنیا میں پسر باپ کی زینت کا سبب ہے
اولاد کا ہونا بھی عجب بخشش رب ہے ... یہ سچ ہے مگر داغ بھی بیٹے کا غضب ہے

رونے کی ہے جا ظلم نیا کرتی ہے تقدیر
شبیرؑ سے اکبرؑ کو جدا کرتی ہے تقدیر

بیٹا بھی وہ بیٹا کہ جو تصویر پیمبرؐ ... اخلاق میں مانند حسنؑ زور میں حیدرؑ
خوش لہجہ و خوش خصلت و خوش وضع سراسر ... معشوق جہاں رونق دیں عاشق داور

انصاف سے سب صاحب اولاد بتا دیں
اس طرح کے فرزند کو مرنے کی رضا دیں

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas
jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

سوز ۳

درود اُس گل پہ جو گل ہے گلستانِ رسالت کا — بہارِ باغِ زہرا رنگِ بستانِ امامت کا
ہے کیا معجز نما بوٹا خیابانِ کرامت کا — کہ جس کی شاخ ایک طوبیٰ بھی ہے رضوانِ جنت کا
حسینؑ ابرِ کرم دریا ہے کیا بارانِ رحمت کا

چلے عباسؑ جب غصے میں آکر پانی لانے کو — کہا شہ نے کہ آؤ مت جگر اپنا جلانے کو
مٹاؤ قصہ ڈالو خاک سب تکرار جانے دو — عبث لڑتے ہو پانی پر انہیں کو پینے دو
کہیں گے سب کہ پانی لے لیا نانا کی اُمت کا

سوز ۴

عباسؑ کو حسینؑ جو دریا پہ رو چکے — بھائی سے اپنے ہاتھ لبِ نہر دھو چکے
یہاں تک کہ قتل اکبرؑ و اصغرؑ بھی ہو چکے — گودی میں جو پلے تھے وہ مٹی میں سو چکے
گرتے تھے شہ ہر ایک تنِ پاش پاش پر
قاسمؑ کی لاش پر کبھی اکبرؑ کی لاش پر
میداں میں غل یہ تھا کہ دلاور کو مار لو — ہاں شہسوارِ خویشِ پیمبر کو مار لو
سیدؑ کو بے دیار کو مضطر کو مار لو — سب مر چکے ہیں اب شہِ صفدر کو مار لو

قبضہ میں تیغِ ظلم بھی تیرِ جفا بھی ہے
شہ کہتے تھے بتاؤ مری کچھ خطا بھی ہے
اے ناریو میں نورِ خدا ہوں دیا نہیں — اے شامیو میں گلِ زہرا ہوں یا نہیں
سید ہوں اور امام تمہارا ہوں یا نہیں — اے نہر تو بتا میں پیاسا ہوں یا نہیں
اے اہلِ ظلم قائلِ قرآں تو ہے حسینؑ
یہ سب تو درکنار مسلمان تو ہے حسینؑ

سوز ۵

مر جائے جو فرزند تو کیا چارا ہے! — ہاں مرگ علاجِ دلِ صدپارا ہے
اصغرؑ کو لٹا قبر میں کہتے تھے حسینؑ — آرام کرو بس یہی گہوارا ہے

سوز ۶

تھا حکم یہ یزید کا پانی بشر پئیں — گھوڑے پئیں سوار پئیں اور شتر پئیں
جو تشنہ لب جہاں کے ہیں وہ بے خطر پئیں — یہاں تک کہ سب چرند و پرند آکے پئیں!
کافر اگر پئیں تو نہ تم منع کیجیو!
پر فاطمہ کے لال کو پانی نہ دیجیو!

jabir.abbas@yahoo.com
Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

سوز ۷

جبکہ مارے گئے دریا کے کنارے عباسؑ — اور لب تشنہ ہی کوثر کو سدھارے عباسؑ
شہ نے فرمایا کہ ہے ہے مرے پیارے عباسؑ — اب نہیں جینے کے ہم غم میں تمہارے عباسؑ
سچ تو یہ ہے کہ تمہیں ہاتھ سے کھویا میں نے
زندگانی کا مزا ہاتھ سے کھویا میں نے

سوز ۸

شہ نے کہا عابد سے کہ اب گھر سے خبردار — اے جانِ پدر آل پیمبر سے خبردار
ماں رانڈ ہے اب رانڈ کی چادر سے خبردار — مارے نہ طمانچے کوئی خواہر سے خبردار
مشکل جو ہو امت پہ تو حل کیجیو بیٹا!
تحریر پہ بابا کی عمل کیجیو بیٹا!!

سوز ۹

شہ کہتے تھے زینب سے کہ نہ گھبراؤ بہن — روتی ہے سکینہ اُسے بہلاؤ بہن!
دیکھو نہ تہ زانوئے قاتل ہم کو — تم سامنے سے بھائی کے ہٹ جاؤ بہن

سوز ۱۰

جب بن میں اسیر ہو کے آئی زینبؑ — چلائی یہ کہہ کے ہائے بھائی زینبؑ
راوی نے کہا ہے کہ پشتِ اشتر سے وہاں — نو بار گری فلک ستائی زینبؑ

سوز ۱۱

سلیم

کہتی تھی سکینہ ناز اٹھانے والا — وہ قتل ہوا گلے لگانے والا
ماں کہتی جو سونے کو تو کہتی رو رو — کیا سوؤں کہ مر گیا سُلانے والا

سوز ۱۲

کیا مرتبہ شاہِ حجازی کا ہے — کیا عز و شرف امام غازی کا ہے
سجدہ کا نشاں دیکھ کے سب کہتے تھے — نیزے پہ یہ سر کسی نمازی کا ہے

سوز ۱۳

اسکو مجرا جو بیاں کرتی تھی بھائی بھائی — تم قتل ہوئے مجھے موت نہ آئی بھائی
یہ سمجھتی تو مدینہ سے نہ جانے دیتی — کیا خبر تھی کہ وہاں ہوگی لڑائی بھائی

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com

http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

بھیج دو بھانجوں کو تم نہ سدِ راہ رن میں — فتح کریں گے مرے لال لڑائی بھائی

سوز ۱۴

بشر کے جسم سے رنج فراق جاں پوچھو — مکیں سے صدمۂ ویرانیٔ مکاں پوچھو
شہید سے الم خنجر و سناں پوچھو — حسینؑ سے غم فرزند نوجواں پوچھو

ہوا ورود خزاں باغ زندگانی میں
پدر سے چھوٹ گئے موسم جوانی میں

سوز ۱۵

جب کھائی سناں سر پریاض حسنی نے — دل توڑ دیا سینہ میں برچھی کی انی نے
چلائے کہ مارا مجھے تشنہ دہنی نے — اک آہ کی تربت میں رسول مدنی نے

پھل برچھی کا سینے سے نکالا نہیں جاتا
بیتاب ہے دل غم سے پکالا نہیں جاتا

سوز ۱۶

غش سے جب جانباز نے فرصت پائی — کہا اکبر نے کہ بابا نے شہادت پائی

راہ معبود میں سر دے کے شہادت پائی — پر بہت تشنہ دہانی سے اذیت پائی

حالت اب کیا کہوں میں تشنہ دہاں بابا کی
منہ سے باہر نکل آئی تھی زباں بابا کی

سوز ۱۷

بہی فرات پہ پیاسوں کے خون کی ندی — سنا ہے ابن علیؑ سے یہ جنگ سر نہ ہوئی
مگر یزید کو فاتح جو لوگ کہتے ہیں — تو کیا یزید نے بیعت حسینؑ سے لے لی

سوز ۱۸

قدرت کے آفتاب کا مطلع حسینؑ ہے — انوار انبیاء کا مرقع حسینؑ ہے
خلق و سخا و حلم کا مجمع حسینؑ ہے — مشکل میں خاص و عام کا مرجع حسینؑ ہے

بندوں میں کیا حساب ہے اور کیا شمار ہے
حیدرؑ کا لال یاور پروردگار ہے

سوز ۱۹

دِل سب کا اسی باغ سے وابستہ ہے — سچ پوچھو تو جنت کا یہی رستہ ہے

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas
jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

ہر رنگ کے پھولوں سے بھرا ہے دامن — مجلس یہ نہیں خلد کا گلدستہ ہے

سوز ۲۰

کہتا نہیں میں یہ کہ بجا کہتے ہیں — بلکہ یہ تعجب ہے کہ کیا کہتے ہیں
رتبے ہیں ید اللہ کے کس کو معلوم — جو کچھ نہیں سمجھے وہ خدا کہتے ہیں

سوز ۲۱

ہر جزو کل کو عشق خدا ہے بقدر حال — پر امتحان عشق کی برداشت ہے محال
وہ کیا ہے یاس و حسرت و رنج و غم و ملال — شمع مراد گل گل امید پائمال
یہ بار قابل شہ عالی وقار ہے!
ہوگا نہ ہے نہ ایسا کوئی بردبار ہے

سوز ۲۲

جب شام کے حاکم نے خبرداروں سے پوچھا — کس رنج میں تڑپے تھے زیادہ شہ والا
تب دست ادب جوڑ کے شمر اس پہ یہ بولا — شبیر سا صابر بھی کوئی ہوگا نہ اعلیٰ
حضرت نے جواں بیٹے کو مرتے ہوئے دیکھا — پر شکر کا سجدہ نہیں کرتے ہوئے دیکھا

سوز ۲۳

عشق خدا کا بار نہ کہسار سے اٹھا — افلاک سے نہ عرش ضیا بار سے اٹھا
یہ کیا نہ انبیائے خوش اطوار سے اٹھا — لیکن حسین بیکس و بے یار سے اٹھا
سرخرو آدم و ملک و جن کا ہوگیا
یہ ہوگئے خدا کے خدا ان کا ہوگیا

سوز ۲۴

کسی کا درد لے یارو کوئی بے درد کیا جانے — مگر جس پر پڑا ہو دکھ وہ جانے یا خدا جانے
خصوصاً غم سکینہؑ کا کوئی صاحب عزا جانے — نبیؐ جانے علیؑ جانے و یا خیر النساءؑ جانے
کہوں کیا آج کس دکھ میں بی بی زہرا کی پوتی ہے
گلے سے ماں کے مل مل کر وہ بابا کو روتی ہے

سوز ۲۵

اصغر کو جب گودی لیکر سرور رن کو جاتا ہے — اماں بانو بیٹھی دیوانی اسے نہیں کچھ بھاتا ہے
آنگن بیٹھا کاگا بولے کچھ تو شگن دکھلاتا ہے — اڑ جا کاگا کاگا بھات دہی دوں گی بیتا اصغر آتا ہے

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

سوز ۲۶

خدمتِ شاہ میں رخصت کو جب آئے اکبرؑ — عرض کی رو کے کہ لے راہ نمائے اکبرؑ
یہ تمنا ہے کہ میدان کو جائے اکبرؑ — آپ اب جانئے اصغرؑ کو بچائے اکبرؑ

تاب و طاقت نہ رہی بیٹے کی ان باتوں سے
گر پڑے خاک پہ اور تھاما جگر ہاتھوں سے

سوز ۲۷

اقربا کٹ گئے سب شاہ کے باری باری — اور عدم چلنے کی اس شاہ نے کی تیاری
خیمہ کا پردہ اٹھا زین العبا اک باری — دیکھ مقتل کی طرف کرنے لگا یوں زاری

خلد کے کوچ میں ہم کو نہیں بلواتے ہو
قافلہ والو ہمیں چھوڑ کے چلے جاتے ہو

سوز ۲۸

خود میں نہیں ازل سے خدا میں حسینؑ ہے — چشم مبین صاحب یٰسین حسینؑ ہے
گلزار حسن کا گل رنگین حسینؑ ہے — بر حق کے بعد باغ کا گلچین حسینؑ ہے

MAZAR ABBAS
[illegible]
P.O. 16, RIYADH-11461

کی طاعت خدا وہ حق کے فدائی نے
جو مان لی خدا کی خدائی خدائی نے

سوز ۲۹

پیٹ کے زینب رو دیں اب ٹوٹ گئی من کی آسا — کھو دل کو کیسے چین پڑے بیرن کا حلق کٹا پیاسا
گھر بار لٹا اور دیس چھٹا کوئی متر نہیں مرے پاسا — چل بسے زینبؑ ابھی نگر جہاں بیر کا حلق نو سا

جا کر نانا مصطفےٰ اور پتا شہ مرداں
پیاسی نہر فرات پر نکسی وا کی جاں

سوز ۳۰

جب سو گئی ویرانۂ زندان سکینہؑ — اور جاگ اٹھی باس گریان سکینہؑ
تصویر سی خاموش تھی اس آن سکینہؑ — کیا بولے کہ سکتے میں تھی نادان سکینہؑ

تکیہ پہ جو گردن تھی جھکی رہ گئی اسکی
نرگس کی طرح آنکھ کھلی رہ گئی اسکی

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas
jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

سوز ۳۱

دیارِ شام میں جب آلِ مصطفیٰ آئے — بندھے رسن میں اور آفت کے مبتلا آئے
ہوا یہ غل کہ اسیرانِ کربلا آئے — برہنہ سر حرمِ شاہِ لافتیٰ آئے
یہ شور سنتے ہی اطفال تھرتھرانے لگے
قلق سے زینبِ ناشاد کو غش آنے لگے

سوز ۳۲

بلا کے بن میں جو صغرا کا نامہ بر آیا — ہجومِ اہلِ ستم شاہ پر نظر آیا
حضورِ شاہ جو لشکر کو چیر کر آیا — لہو میں غرق نظر شاہِ بحر و بر آیا
کہا مسافرِ کرب و بلا سلام علیک
غریب و بیکس و بے آشنا سلام علیک

سوز ۳۳

بانو کہتی تھی مرے گیسوں والے آجا — علی اکبر مری آنکھوں کے اجالے آجا
شام میں چاند سی صورت کو دکھلانے آجا — خواب میں زلف کو مکھڑے سے اٹھالے آجا
بے نقاب آج تو لے گیسوؤں والے آجا
گریہ سجاد کا تھا موت اٹھالے آجا — مجھ سے قیدی و مسافر کی دعا لے آجا

دل ہلا دیتے ہیں زنجیر کے نالے آجا — بیکسی پر مری خوں روتے ہیں چھالے آجا
راہ میں چھوڑ گئے قافلے والے آجا
غل ہے فوجِ شہِ ابرار میں حر آتے ہیں — شاہ کے سامنے جاتے ہوئے شرماتے ہیں
مڑ کے بطحا کی طرف رو کے یہ فرماتے ہیں — ہوں سیہ کار مرے عیب کھلے جاتے ہیں
کملی والے مجھے کملی میں چھپا لے آجا

سوز ۳۴

ہندوؤں کے ہیں حسینؑ اور نہ مسلمانوں کے — اس صحیفے میں نہیں نام ہی بیگانوں کے
یہاں جماعت کا نہ کچھ مذہب و ملت کا سوال — ہیں یہ ممدوح ہر اک فرقے کے انسانوں کے

سوز ۳۵

انکو مجرا شام میں جن بیکسوں کے سر گئے — زندہ جاوید ہیں ظاہر میں گو وہ مر گئے
بولی زینب بجھ گئے گو آپ مرے دونوں چراغ — پر مرا دونوں جہاں میں نام روشن کر گئے

سوز ۳۶

مشکل کشا کی آل پہ وہ وقت بیکسی — مرجائے جانِ فاطمہؑ پر ساتھ دے کوئی

jabir.abbas@yahoo.com
Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

اک غم نصیب عمر تھی یہ ایک شب نہ تھی — اس درد کی کسک دلِ فطرت میں رہ گئی
وہ سوز وہ گداز نمایاں ہے آج تک
اس دن کی شام شامِ غریباں ہے آج تک

سوز ۳۷

جب نہ اعدا سے کسی طرح صفائی ٹھہری — صبح عاشورِ محرم کو لڑائی ٹھہری
پوچھا زینبؑ نے کہ کیا لے کے بھائی ٹھہرا — شہ نے فرمایا بہن تم سے جدائی ٹھہری
آج پیاروں کی ملاقات غنیمت جانو
اے بہن آج کی یہ رات غنیمت جانو

سوز ۳۸

عابد کو دوا اور نہ غذا دیتے ہیں — سوتا ہے تو زنجیر ہلا دیتے ہیں
سادات کو قید اس مہینے میں کیا — قیدی کو محرم میں چھڑا دیتے ہیں

سوز ۳۹

اکبرؑ نے جو گھر موت کا آباد کیا — صغراؑ کو دمِ نزع بہت یاد کیا

ہاتھوں سے کمر پکڑے یہ کہتے تھے حسینؑ — تم نے علی اکبر ہمیں برباد کیا!

سوز ۴۰

نکلے حرم کے اونٹ جو مقتل کی راہ سے — خوشبو لہو کی آنے لگی قتل گاہ سے
بولی سکینہؑ ملتے چلو لاش شاہ سے — رخصت ضرور چاہیے زہراؑ کے ماہ سے
جی بھر کے آج خانۂ زنداں میں لیٹیں گے
اب کاہے کو حسینؑ کے سینے پہ سوئیں گے

سوز ۴۱

علیؑ کی بیٹیاں زنداں میں جب اسیر ہوئیں — مصیبتیں حرمِ شاہ پہ کثیر ہوئیں
غمِ حسینؑ میں شہزادیاں فقیر ہوئیں — رسول زادیاں حاکم کی دستگیر ہوئیں
بہت دنوں سے میسر نہ آب و دانہ تھا
اندھیری رات تھی ٹوٹا سا قید خانہ تھا

سوز ۴۲

جب چمن خاک میں اکبرؑ کی جوانی کا ملا — پانی پانی کہا اور قطرہ نہ پانی ملا

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

داغ سیدانیوں کو احمدؑ ثانی کا ملا! شاہ کو کچھ نہ پتا بانو کے جانی کا ملا
رو رو فرماتے تھے طاقت ہے نہ بینائی ہے
بیٹا مارا گیا اور عالم تنہائی ہے

سوز ۴۳

اے چرخ تیری شرم و حیا آج کیا ہوئی زینبؑ تو یہ پوچھو بلا آج کیا ہوئی
کل کیا ستم ہوئے تھے بلا آج کیا ہوئی بھیجی تھی جو خدا نے ردا آج کیا ہوئی
جلوہ میں گاہ جاتی ہو گہ قید ہوتی ہو
زینبؑ کہو حسینؑ کو کس وقت روتی ہو

سوز ۴۴

میدان میں کوئی جانے والا نہ رہا اور کوئی گلہ کٹانے والا نہ رہا
جو مارا گیا اس کو اٹھا لائے حسینؑ شبیرؑ کا کوئی لانے والا نہ رہا

سوز ۴۵

کیوں مصطفوؐ نہ شکوۂ جور و جفا کیا طے ابن فاطمہؑ نے بڑا مرحلہ کیا

بتلائے کوئی صبح سے تا شام کیا کیا لاشوں کو لائے لے گئے شکر خدا کیا
اکبرؑ کو قتل گہ میں لٹا یا چلے گئے
اصغرؑ کو ان کے پاس سلایا چلے گئے

سوز ۴۶

یا روز ہے تو قیر جو اس بزم میں آئیں یا رُو ئیں و یا رُونے کی تصویر بنائیں
زینبؑ تو عزاداروں کو دیتی ہیں دعائیں اور فاطمہؑ ان لوگوں کی لیتی ہیں بلائیں
گرتا ہے جو آنسو کوئی فریاد و بکا ہے
خود پونچھتے ہیں اس کو علیؑ اپنی عبا ہے

سوز ۴۷

حسینؑ جبکہ چلے بعد دوپہر رن کو کوئی نہ تھا کہ جو تھامے رکاب توسن کو
حسینؑ چپکے کھڑے تھے جھکائے گردن کو سکینہؑ جھاڑ رہی تھیں قبا کے دامن کو
نہ آسرا تھا کوئی شاہ کربلا کو
فقط بہن نے کیا تھا سوار بھائی کو

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas.
jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

ولہ

پکارتے تھے حرم رو کے یا علیؑ فریاد — تمہاری بیٹیاں جنگل میں ہو گئیں برباد
کوئی ملول کوئی نوحہ گر کوئی ناشاد — کہیں زمیں پہ باقر تھے اور کہیں سجاد

پکارتے تھے حرم شاہِ نامدار چلے
حسینؑ مرنے چلے اور ہم کو مار چلے

ولہ

چلے جو خیمے سے وہ اک قدم شہِ والا — سوار دوشِ محمدؐ کا رک گیا گھوڑا
لگایا شاہ نے کوڑا مگر قدم نہ اٹھا — بصد تمام یہ گھوڑے سے شاہِ دیں نے کہا

زیادہ ہم سے تجھے اپنی جان پیاری ہے
اٹھا قدم کہ مری آخری سواری ہے

سوز ۴۸

اک روز جنابِ حسنؑ اور حضرتِ شبیرؑ — نانا سے بصد شوق یہی کرتے تھے تقریر
ہم دونوں اخی گرچہ ہیں قرآن کی تفسیر — پر آپ کو منظور بہت کس کی ہے توقیر
فرمایا کہ تم معنیٔ قرآن ہو دونوں — واللہ کہ مجھ نانا کی تم جان ہو دونوں

(حسینیت زندہ باد)

سوز ۴۹

خبر جو راہ میں مسلم کے قتل کی پائی — کہا یہ شاہ سے زینبؑ نے پھر چلو بھائی
ماں سوچ کے شہ نے یہ بات فرمائی — شنائی مسلم مظلوم کی نہیں آئی

اجل رسیدہ من مے روم بہ کرب و بلا
گذشت نوبت مسلم رسید نوبتِ ما

سوز ۵۰

عزیز و قافلہ سالار کربلا جس دم — نکل کے خیمے سے رن کو چلا وہ شاہِ امم
مخالفوں سے لگا کہنے وہ بہ دیدۂ نم — میں پانی مانگتا ہوں پانی دو تم اہلِ ستم

رسول زادیوں کا آج جی نڈھال سا ہے
ہمارا قافلہ سو لہ پہر سے پیاسا ہے

سوز ۵۱

تدبیر میں خود مالکِ تقدیر نہ ہو — تصویر میں صورت کش تصویر نہ ہو
دنیا سے جو مٹاتے نہیں مٹتا اسلام — اسلام کے دل میں کہیں شبیرؑ نہ ہو

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

سوز ۵۲

عطرِ گل حدیقۂ ایماں حسینؑ ہے — تازہ ہو جس سے روح وہ ریحاں حسینؑ ہے
زانوئے نبی کا رحل ہے قرآں حسینؑ ہے — پانی ملا نہ جس کو وہ مہماں حسینؑ ہے
صحرائے کربلا میں ہوا کیا بُری چلی
فاقہ تھا تیسرا جو گلے پر چھُری چلی

سوز ۵۳

عابدؑ سے یہ وطن میں کسی نے کیا سوال — گذرے کہاں زیادہ قلق تم پہ یا امام
شرما کے تین بار کہا شام شام شام — سر ننگے میرا کنبہ تھا اور سب تھے نامحرم
بیبیوں کا نام لے کے عدو شاد ہوتے تھے
بابا کا سر بھی روتا تھا اور ہم بھی روتے تھے

سوز ۵۴

دِل خود بخود افسردہ ہوا جاتا ہے — بے روئے نہیں ہم سے رہا جاتا ہے
یہ دن وہ ہیں کہ کربلا کی جانب — شبیرؑ کا قافلہ چلا جاتا ہے

سوز ۵۵

کارواں سالار بن جب کاروانِ کربلا — خاک سر پر ڈالتا جب دشتِ ویراں کو چلا
راہ میں ان بیکسوں سے جب تھا کوئی پوچھتا — کس کے تم ناموس ہو اور کس کے ہو صاحبِ عزا
کالے کپڑے وہ دکھا کر کہتے تھے بااشک و آہ
اس حسینی قافلے کا مر گیا ہے بادشاہ

سوز ۵۶

سجادؑ کو بلوایا دوبارہ جو شقی نے — یہ سنتے ہی بیبیوں کے دھڑکنے لگے سینے
فرمایا بھتیجے سے یہ تب بنتِ علیؑ نے — میں کیا کہوں جو داغ اٹھائے مرے جی نے
کیا جانئے اب کیا ستم ایجاد کرے گا!
بلوا کے ہمیں کون سی بیداد کرے گا

ولہ

واری گئی مکار کی باتوں میں نہ آنا — دیکھو میں کہے دیتی ہوں کچھ دے تو نہ لانا
گر تیغ رکھے حلق پہ گردن کو جھکایا — بابا کی طرح تیغ سے گردن کو کٹانا
گر لوٹ کا سامان جو تم پائیو بیٹا — پہلے سرِ شاہِ شہدا لائیو بیٹا

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas
jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

سوز ۵۷

دیارِ شام میں جس دم حرم تمام آئے — مہار اونٹوں کی پکڑے بندھے امام آئے
وہ خاص بندے میاں ہجومِ عام آئے — زباں پہ حضرتِ زینب کے یہ کلام آئے
دہائی حق کی یہ شہِ مشرقین کو مارا
سپاہ شام نے بھائی حسین کو مارا

سوز ۵۸

درپیش جسے ماتمِ فرزند جواں ہو — لازم ہے کہ اکبر کے لئے اشک فشاں ہو
ہر چند پسر حسن میں یکتائے جہاں ہو — آنسو جو رواں ہو غمِ اکبر میں رواں ہو
مولا جو فدا کرتے نہ ہمشکلِ نبیؐ کو
یہ داغ وہ تھا صبر بھی آتا نہ کسی کو

پوچھو تو جوانوں سے جوانی کی تمنا — ہوتے ہیں جوانی میں ارماں نہیں حوصلے کیا کیا
شادی کی ہوس شوقِ پسر حسرتِ دُنیا — حسرت ہی میں اکبر موئے واحسرت و دردا
بچپن میں پلے نازوں سے اور فاقہ کشی کی
شادی سے کنارا کیا مرنے کی خوشی کی

سوز ۵۹

جب گُل ہوا چراغِ حرم ملکِ شام میں — یعنی سکینہؑ مر گئی یادِ امام میں
دیکھے ستم یزید کے دربارِ عام میں — شہ کے سلام کو گئی دارالسلام میں
دُنیا میں دادرس نہ ملا دادخواہ کو
جا کر نشاں طمانچوں کے دکھلائے شاہ کو

سوز ۶۰

کریں سوال نکیرین مجھ سے جب آ کر — امام کون ہے تیرا بتا دے اے منکر
خدا ہے، ہے نبی اور فاطمہؑ اطہر — عذابِ قبر سے ہوں رستگار یہ کہہ کر
علیؑ امامِ من است و منم غلامِ علیؑ
ہزار جانِ گرامی فدائے نامِ علیؑ

سوز ۶۱

دل کفر و ضلالت کا ہلا دو شبیرؑ — حق مٹ نہیں سکتا یہ دکھا دو شبیرؑ
سمجھیں نہ خدا کٹ گیا شبیرؑ کے ساتھ — نیزے پہ بھی قرآن سُنا دو شبیرؑ

jabir.abbas@yahoo.com
Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

سوز ۶۲

سرِ میدان جب دوشِ محمدؐ کا سوار آیا — خجالت سے رخِ خورشید کے اوپر غبار آیا
نقیبِ فتح میداں میں یہ ہر جانب پکارا آیا — مقامِ قتل پر اپنے جہاں کا تاجدار آیا
نگاہِ غور سے دیکھو تو شبیرؑ نامی ہے
کہ جس کے سامنے روح الامیں سا اہتمامی ہے

سوز ۶۳

تمہارے سجدوں کو کعبہ سلام کہتا ہے — ادب سے گنبدِ خضرا سلام کہتا ہے
لہو میں ڈوب کے صحرا سلام کہتا ہے — تمہاری پیاس کو دریا سلام کہتا ہے
حسینؑ تم کو زمانہ سلام کہتا ہے!
حقیقتوں کی تجلی ابھارنے والے — دلوں میں جلوۂ وحدت اتارنے والے
لہو سے دینِ خدا کو سنوارنے والے — گلا کٹا کے خدا کو پکارنے والے
وہ دیکھو عرش کا پردہ سلام کہتا ہے

سوز ۶۴

سمجھی نہیں شبیرؑ کو اب تک دنیا — سمجھے گی نہ شبیرؑ کو کب تک دنیا
ہوتے ہی رہیں گے انقلاباتِ عظیم — سمجھے گی نہ شبیرؑ کو جب تک دنیا

سوز ۶۵

سحر کے ڈوبتے تارے سلام کہتے ہیں — ابلتی نہر کے دھارے سلام کہتے ہیں
خلیلِ حق کے اشارے سلام کہتے ہیں — کلامِ پاک کے پارے سلام کہتے ہیں
جبینِ دھر کا سجدہ سلام کہتا ہے
ہر اک کو کھو دیا اور حق کو پا لیا تم نے — وفا و مہر کا جادہ بنا لیا تم نے
ضعیف قلب کا زور آزما لیا تم نے — جوان بیٹے کا لاشہ اٹھا لیا تم نے
لہو بھرا ہوا نیزہ سلام کہتا ہے
اجل کی گود سے اصغرؑ سلام کہتے ہیں — اندھیری قبر سے اکبرؑ سلام کہتے ہیں
نبی رسول پیمبر سلام کہتے ہیں! — چراغ و مسجد و منبر سلام کہتے ہیں
حسینؑ تم کو مدینہ سلام کہتا ہے

سوز ۶۶

پڑا جو وقت تو اسلام کو بچا نہ گیا! — بجز حسینؑ کوئی زیرِ تیغ آ نہ گیا

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

خدا پرست تھا مقتل کی راہ لی اس نے — در یزید پہ یہ بندۂ خدا نہ گیا

سوز ۶۷

کارے کہ حسینؑ اختیارے کردی — در گلشن مصطفےٰ بہارے کردی
از ہیچ پیمبرے نہ آید ایں کار — واللہ کہ اے حسینؑ کارے کردی

سوز ۶۸

سر غیر کے آگے نہ جھکانے والا — نیزے پہ بھی قرآن سنانے والا
اسلام سے کیا پوچھتے ہو کون حسینؑ — اسلام کو اسلام بتانے والا

سوز ۶۹

عصمت کی فضاؤں میں پلے ہیں شبیرؑ — زہراؑ کی دعاؤں میں پلے ہیں شبیرؑ
ہو نطق میں کس طرح نہ حق کا لہجہ — قرآں کی چھاؤں میں پلے ہیں شبیر

سوز ۷۰

حق کی شکست فتنۂ باطل مٹا گئی — خیموں کی آگ قصر حکومت جلا گئی

ہستی وفا کی مٹ کے زمانے پہ چھا گئی — پیاسوں کی نیند دین کی دنیا جگا گئی
ناکامیوں کے بھیس میں ہر کام ہو گیا
اسلام کربلا میں پھر اسلام ہو گیا

سوز ۷۱

حسینؑ شاہ بھی ہیں اور بادشاہ بھی حسینؑ — حسینؑ دین بھی اور دیں پناہ بھی حسینؑ
نہ کی یزید کی بیعت کٹا دیا سر کو — اسی وجہ سے تو بنیاد لا الٰہ ہیں حسینؑ

سوز ۷۲

عاشق ہے تو حسینؑ کے نقش قدم پہ چل — چاہے خوشی تو جادۂ رنج و الم پہ چل
جو وہ بتا گئے ہیں اسی راہِ غم پہ چل — سر کا خیال چھوڑ دے تیغ ستم پہ چل
دنیا کی کلفتوں کو مسرت سے جیت لے
اٹھ معرکہ حسینؑ کی سیرت سے جیت لے
دنیا ہے رنگ کرب و بلا میں رنگی ہوئی — شکل وفا ہے آج جفا میں رنگی ہوئی
ہے کائنات حسن فضا میں رنگی ہوئی — کفنی پہن لے صبر و رضا میں رنگی ہوئی
دیوانہ بن حسینؑ کی ایسی ادا بنا — اپنے لہو کے داغ کو قبلہ نما بنا

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

لے روشنی جمالِ حسینؑ شہید سے   لے تازگی خیالِ حسینؑ شہید سے
لے زندگی وصالِ حسینؑ شہید سے   لے چاندنی جلالِ حسینؑ شہید سے
نامِ حسینؑ آج بھی تابانیوں میں ہے
کچھ زندگی کا لطف پریشانیوں میں ہے

سوز ۔۳

امامت کا چاند اور نبوت کا ہالا!   بہتّر ستاروں میں ضو دینے والا
چلے لے اکبرؑ کو یوں شاہ والا   کبھی لاش اٹھائی کبھی دل سنبھالا

سوز ۔۴

اسے بندگی دمِ مرگ تک وہاں شادی جبکی ٹھنی رہی
نہ بنے میں پھولوں کی بُو رہی نہ بنی میں گلبدنی رہی
یہ سکینہؑ بی بی کو چاؤ تھا کہ بنے کے مہندی لگاؤں میں
رنگے ہاتھ دولہا نے خون میں وہ حنا طبق میں سجی رہی
یہ نرالی رسم ہے بیاہ کی کہ بنے بنی پہ یہ آ بنی!
وہ بنا تو نقشِ فنا بنا یہ بنی تو بیوہ بنی رہی!

جو بنا بنی کا لباس تھا ہوئی شکل اس کی یہ اک طرف
کہ وہاں بجائے کفن رہا یہاں گیروی کفنی رہی!
نہ عمامہ دولہا کے سر پہ تھا نہ بنی کے منہ پہ نقاب تھی
یہاں سر پہ دامنِ چاک تھا وہاں تاج سر پہ انی رہی

سوز ۔۵

حد ہوا کرتی ہے ہر رنج کے افسانے کی   درد سہنے کی الم سہنے کی غم کھانے کی
کلمہ گویوں کو اک بات ہے سمجھانے کی   رسم ہے سارے مسلمانوں میں دفنانے کی
پر محمدؐ کے نواسے کو کفن تک نہ دیا
اہلِ دولت بھی تھے اعزاز کے سامان بھی تھے   مذہب و ملت و اقوام کے سلطان بھی تھے
پیرِ دشرع بھی تھے صاحبِ ایمان بھی تھے   سات سو ظالموں میں حافظِ قرآن بھی تھے
پر محمدؐ کے نواسے کو کفن تک نہ دیا
غسلِ میت کو بعد رنج و محن دیتے ہیں   اور عزیزوں کو تشفی کے سخن دیتے ہیں
بیوطن ہو تو مدد اہلِ وطن دیتے ہیں   چندہ کر کر کے مسلمان کفن دیتے ہیں
پر محمدؐ کے نواسے کو کفن تک نہ دیا

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas
jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

سوز ۷۶

مُرادیں ملیں مُدّعا مل گیا! طلب سے بھی میری سوا مل گیا!
بڑا جستجو کا صلہ مل گیا! سلائی دُرِ بے بہا مل گیا!
علیؑ سا مجھے رہنما مل گیا!

ملائک سے افضل رسولوں سے بہتر شفیع الوریٰ شافعِ روزِ محشر
جو سر تا بہ پا نورِ رحمت سراسر زلیخا کو یوسف مبارک ہو قنبر
خدا کا ہمیں دلربا مل گیا

سوز ۷۷

یارب خلاقِ مہر و ماہی تو ہے بخشندۂ تخت و تاجِ شاہی تو ہے
بے منت و بے سوال بے استحقاق دیتا ہے جو سب کو یا الٰہی تو ہے

ولہ

کہو حسینؑ سے مقتل کچھ ایسی دور نہیں پسر کو ڈھونڈتے کیوں سیدِ غیور نہیں
کہا امامؑ نے آنکھوں میں مری نور نہیں خدا گواہ ہے بانو مرا قصور نہیں
جو دل کا حال ہے بانو بتا نہیں سکتا پسر بلاتا ہے اور باپ جا نہیں سکتا

سوز ۷۸

مرگِ اصغرؑ کو حیاتِ جاودانی کر دیا خون کو چلو میں لے کر تم نے پانی کر دیا
اے حبیب ابنِ مظاہر اسکو کہتے ہیں شباب ایک انگڑائی میں پیری کو جوانی کر دیا

سوز ۷۹

ستم درازیٔ دوراں سے اب بھی چین نہیں وہ کون جا ہے جہاں پر یہ شور و شین نہیں
ستم ہے اب بھی مگر وہ ستم نصیب کہاں یزید لاکھوں ہیں دنیا میں پر حسینؑ نہیں

سوز ۸۰

کشتۂ جور و جفا دیں کے نگہبان حسینؑ احمدؐ و حیدرؑ و زہراؑ کے دل و جان حسینؑ
حیف صد حیف کہ رونا بھی ہو بدعت تجھ پر اے شہیدِ ستم از دستِ مسلمان حسینؑ

سوز ۸۱

یاد آؤں تو افسوس نہ اصلا کرنا! غمِ حضرتِ شبیرؑ کا تازہ کرنا
رکھ کر کے لحد میں مجھے قبل تلقین ماتم شہِ مظلوم کا برپا کرنا!

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas
jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

سوز ۸۲

حُر عسکرِ اسلامؑ کا سالار ہوا سردارِ دو عالم کا مددگار ہوا
مر کر ہوا حُلّہٴ ارم حر کو حصول سر دُور ہوا ادھر کہ سردار ہوا

سوز ۸۳

اے خاکِ کربلا تو اس احسان کو نہ بھول تڑپی ہے تجھ پہ لاشِ جگر گوشہٴ بتولؑ
اسلام کے لہو سے تیری پیاس بجھ گئی سیراب کر گیا تجھے خونِ رگِ رسولؐ

سوز ۸۴

اے مسافرِ رہِ غربت کے مدینہ والے پیاس میں خونِ جگر شوق سے پینے والے
موت سے کھیل کے عالم کو بتایا تو نے مر کے اس طرح جیا کرتے ہیں جینے والے

سوز ۸۵

عیاں ہوتا ہے حق گمراہیاں جب بڑھتی ہیں شہیدوں ہی کے خون سے دُھل کر نکھرتی ہیں
علیؑ کے گھر کا کیا کہنا شہیدوں کا ہے گہوارہ یہ وہ گھر ہے جہاں قربانیاں پروان چڑھتی ہیں

سوز ۸۶

ریتی کی سجدہ گاہ پہ خونِ پیمبری ! ڈوبی ہوئی لہو میں قبائے غضنفری
کون و مکاں میں زیبِ شہادت سے تھرتھری ایسی سکندری تھی کسی کی نہ قیصری

اس دن سے آج تک یہ حکومت کا زور ہے
ہر سمت یاحسینؑ کا دُنیا میں شور ہے

وہ شاندار موت وہ دنیا میں انقلاب بیعت کا وہ سوال وہ دنداں شکن جواب
مجبوریٔ حیات سے کونین کو حجاب نیزے پہ سرِ حسینؑ کا مغرب میں آفتاب

صدقے ضیائے مہرِ قرآن بان پہ
تارے درود پڑھتے ہوئے آسمان پہ

سوز ۸۷

شور ہے شام کے لشکر میں کہ عباسؑ آئے اور متواتر خبر آئی کہ بہت پاس آئے
پرغم شاہ شہیداں سے بصد یاس آئے بولی تقدیر کہ یہ جنگ انہیں راس آئے

آ کے گھوڑے کا شجاعت نے قدم چوم لیا
فتح نے گوشہٴ دامانِ علم چوم لیا!

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas
jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com

http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

سوز ۸۸

اک طفلِ شیرخوار کی ہے داستانِ عجیب — کب تیرِ جاں ستاں کا نشانہ ہوا غریب
جب گود میں پدر کی رگِ دل سے تھا قریب — پانی کی جستجو میں شہادت ہوئی نصیب
سب کا جو لاڈلا تھا حسینی سپاہ میں
خیمے میں ہاتھوں ہاتھ گیا رزم گاہ میں

ولہ

اکبر کے بعد موت کی گودی میں جو گیا — بے دودھ نیند آ گئی پیاسا ہی سو گیا
دنیا میں جس کا نام ہی بے شیر ہو گیا — وہ چاند فوجِ شام کی بدلی میں کھو گیا
سورج ہزار اس پہ تصدق ہزار چاند!
جس نے لگائے باپ کی محنت کو چار چاند

سوز ۸۹

آنکھوں کی طرح قلبِ پیمبر میں حسینؑ — ہر اشک میں ہر خشک میں ہر تر میں حسینؑ
معبود کے مقصد کی طرح پھیل گئے!
ہر ملک میں ہر قوم میں ہر گھر میں حسینؑ

سوز ۹۰

جو حاصلِ حیات تھا عالم میں وہ حسینؑ — جو دینِ حق کا مونس و ہمدم تھا وہ حسینؑ
جو رازِ کردگار کا محرم تھا وہ حسینؑ
جو کربلا میں فاتحِ خیبر تھا وہ حسینؑ

سوز ۹۱

شام سے مقتل میں آئے جس گھڑی بنتِ العبا — ساتھ ان کے بیکسوں کا ننگے سر تھا قافلہ
اک طرف دیکھا بنی ہے قبرِ شاہِ اتقیا! — اس کے پہلو میں ہے قبرِ ہم شبیہ مصطفےٰ
زینبؑ و کلثومؑ کہتی تھیں بصد آہ و بکا — ہائے بھائی بیکسی پر تیری یہ بہنیں فدا
کوئی شمع و گل نہ لایا قبر آپ تک ذرا — تب مزارِ سید والا سے یہ آئی صدا
بر مزارِ ما غریباں نے چراغے نے گلے
نے پرِ پروانہ سوزد نے صدائے بلبلے

سوز ۹۲

جہاں میں گذرے ہیں عشاق ایسے بھی اکثر — جنہوں نے راہِ محبت میں اپنے دیدیئے سر

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com

http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

یہ سب سے رتبہ شبیرؑ ہے زیادہ تر — کہ جس نے راہ خدا میں لٹا دیا سب گھر

بھتیجے بھانجے بھائی پسر جوان دیا

کچھ ایسا عشق رسالا کے پیے زبان دیا

سوز ۹۳

اک روز سن کے چار طرف عید کی خبر — آئے حضور فاطمہؑ حسنینؑ نامور

بائیں گلے میں ایک نے ڈالیں ادھر ادھر — اک سینے سے لپٹ گیا جلدی جھکا کے سر

بولا بڑا ہمیں پہ بہت مہرباں ہیں

چھوٹا پکارا واہ مری اماں جان ہیں

ماں بولی ہم تو دونوں کے قربان جاتے ہیں — آتنا نہ چاہو تم ہمیں وسواس آتے ہیں

حاسد کے چشم زخم سے ہم ہول کھاتے ہیں — سب سے چھپا کے تم کو گلے سے لگاتے ہیں

خاصانِ حق کے خاص ہو نیکوں کے نیک ہو

مثلِ نگاہ تم میری آنکھوں میں ایک ہو

ننھے سے ہاتھ جوڑ کے بولے وہ خوش بیاں — ارشاد اب یہ کیجئے اے فخر دو جہاں

کل عید ہے جواب دیا فاطمہؑ نے ہاں — یہ بولے پھر لباس غلاموں کا ہے کہاں

[illegible] کے — کیا کل نہ عید ہووے گی گھر میں حضور کے

عسرت پہ اپنی رو کے یہ معصومہ نے کہا — قربان جاؤں عید سے فاقہ کشوں کو کیا!

اہل دول کے واسطے ہے عید کا مزا — آلِ نبی کی عید ہے خوشنودیٔ خدا

زہراؑ کو چاند عید کا پیاروں کی دید ہے

جب تم گلے سے لپٹے ہیں سمجھی کہ عید ہے

سوز ۹۴

گذر منزلِ تسلیم و رضا مشکل ہے — سہل ہے عشق بشر عشقِ خدا مشکل ہے

جن کے رتبے سوا ان کو سوا مشکل ہے — وعدہ آسان ہے وعدہ کی وفا مشکل ہے

یہ فقط امر ہوا فاطمہؑ کے جانی سے

مشکلیں جتنی پڑیں کاٹی وہ آسانی سے

سوز ۹۵

شہر مدینہ کا بیوپاری بھرا پرا بنجارا رے — شام نگر کے راہ زنوں نے گھیر کے اسکو مارا رے

جنس بھری تسلیم و رضا کی لٹ گیا ٹانڈہ سارا رے — کیس کھلے بنجاری روئے مالک جس کا مارا رے

لٹی خدائی میں تیری سن خالق فریاد

دیس میں جس کے جو لٹے دیوے حاکم داد

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com

http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com

http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

سوز ۹۶

لیتے چلتے گیا شبیرؑ کا راہوار جو تھم — تازیانے اسے حضرت نے لگائے پیہم
والجناح اسداللہ نے اٹھائے نہ قدم — تب کہا دل سے یہ حضرت نے کہ اب سمجھے ہم

این زمین است کہ آلودہ بخوں خواہد شد
علم سید ابرار نگوں خواہد شد

سوز ۹۷

اے صبا گلشن احمدؐ پہ خزاں کیوں آئی — گلشن تو شاداب تھے خشکی پہ زباں کیوں آئی
بلبل نغمہ سرا نعرہ کناں کیوں آئی — باد صر صر پہ چمن خاک فشاں کیوں آئی

باغیوں نے جو چمن لوٹ لیا زہراؑ کا
کیا ادھر حق کوئی ثابت نہ ہوا زہراؑ کا

سوز ۹۸

حاصل جسے مولا کی حضوری ہو جائے — دنیا کے غم و رنج سے دوری ہو جائے
اے صلِ اعلیٰ مجلس پہ نورِ حسینؑ — ناری بھی اگر آئے تو نوری ہو جائے

سوز ۹۹

آب و آتش ایک دن گویا ہوئے باہم گر — پہلے آتش گرم ہو کہنے لگی اک آہ بھر
پیشِ داورِ حشر کیا ہوگا تیرا اے آب تر — فاطمہؑ جب بال کھولیں گی سر اپنا پیٹ کے

جانور تک پانی پی کر پیٹ اپنا بھر گئے
پر مرے معصوم بچے تشنہ لب ہی مر گئے

آب آیا جوش میں جب طعن آتش کے سنے — اور کہا شرمندہ ہوں بیشک نبیؐ کی آل سے
پر نہیں میں تجھ سے بدتر گر انصاف ہے — خیمے تجھ سے کربلا میں شاہ دیں کے جل گئے

کشتیِ نوحؑ کو بچایا دیکھ میں نے کس طرح
مسندِ احمدؐ جلائی ہائے تو نے کس طرح

سوز ۱۰۰

حسینؑ گھوڑے پہ جس دم ڈگمگانے لگا — رکاب پاؤں سے چھوٹی کہ غش جو آنے لگا
یہ راہوار سے رو رو کے تب سنانے لگا — اے راہوار میرے اب تو میں ٹھکانے لگا

بدن تمام مرا برچھیوں سے گھائل ہے
ایال ہاتھوں سے چھوٹی سنبھلنا مشکل ہے

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

سوز ۱۰۱

پہنچی یہ سکینہؑ کو خبر جب کہ کسی سے — دریا پہ لڑائی ہوئی عباسؑ علیؑ سے
آخر ہوا صدمہ یہ مری تشنہ لبی سے — رو رو کے یہ کہنے لگی تب اپنی چچی سے
سنتی ہوں کہ دریا کے کنارے گئے عباسؑ
کیا جانئے جیتے ہیں کہ مارے گئے عباسؑ

سوز ۱۰۲

عالم میں جو تھے فیض کے دریا وہ کہاں ہیں — پیدا ہوئی جن کیلئے دنیا وہ کہاں ہیں
جو نورِ خدا سے ہوئے پیدا وہ کہاں ہیں — تھے ہم سے بہت افضل و اعلیٰ وہ کہاں ہیں
جو زندہ ہے وہ موت کی تکلیف سہے گا
جب احمدؐ مرسل نہ رہے کون رہے گا

ہے کل کی ہی یہ بات کہ آباد تھا یہ گھر — جس گھر پہ فدا آج کے ہوتے تھے تونگر
وہ جاہ و حشم فاطمہؑ وہ شوکت حیدرؑ — وہ مجمع احباب وہ دربار پیمبر
لے اذان چلا آئے یہ مقدور تھا کس میں
پر آج وہی گھر ہے کہ خاک اڑتی ہے جس میں

سوز ۱۰۳

کھا کر سناں جو سینہ پہ اکبر گذر گئے — بولے حسینؑ اے مہ انور کدھر گئے
پیری میں مجھ ضعیف کو برباد کر گئے — زخم جگر سے تم شفق خوں میں بھر گئے
بیٹا گئے نہ قبر میں بابا کو گاڑ کے!
جنگل بسا دیا مری بستی اجاڑ کے

اعدا سے پھر پکارے بہت بیقرار ہوں — سمجھے ہو کیا رسول کا میں سوگوار ہوں
بیٹا جوان مر گیا میں اشکبار ہوں — آفت میں مبتلا ہوں بلا سے دوچار ہوں
ڈھونڈوں کہاں میں اپنے سعادت نشاں کو
برچھی کہاں لگی مرے کڑیل جوان کو!

سوز ۱۰۴

جس وقت طبل جنگ بجا فوج شام میں — کوشش ہر ایک کرنے لگا ننگ نام میں
تھا شور الوداع کا شہ کے خیام میں — اکبر نے کی یہ عرض جناب امام میں!
حضرت بھی جلد خیمے سے رن کو سوار ہوں
تا جاں نثار آپ کے اوپر نثار ہوں!

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas
jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

سوز ۱۰۵

تباہیں کربلا میں ہم کو کیا معلوم ہوتا ہے — خدا کی بے نیازی کا پتا معلوم ہوتا ہے!
علیؑ کا وہ گھرانہ ہے کہ اس گھر کا ہر اک بچہ — جہاں پیدا ہوا شیرِ خدا معلوم ہوتا ہے!

سوز ۱۰۶

جب سُنا شمر نے سقائے حرم آتا ہے — قوت بازوئے سروارِ امم آتا ہے
ہاتھ میں تھامے ہوئے مشک و علم آتا ہے — نہر پہ گوہرِ دریائے کرم آتا ہے!
دی صدا فوج کو ہاں غازیو ہشیار ہوا!
اب علمدار کی آمد ہے خبردار ہو

سوز ۱۰۷

کام آئے رفقاء شاہ کے جب میداں میں — شہ نے فرمایا کہ ہم جاتے ہیں اب میداں میں
آکے مجرا کیا عباسؑ نے تب میداں میں — عرض کی مرنے کو ہم جاتے ہیں اب میداں میں
شہ نے فرمایا کہ تنہا تو نہ چھوڑے جاؤ
جانِ عباس کمر میری نہ توڑے جاؤ

سوز ۱۰۸

جس روز کہ ہو اِذَا السَّمَاءُ انْشَقَّتْ — اور ہوئے عیاں اِذَا النُّجُومُ انکدرت
خاتونِ قیامت یہ کریں گی فریاد — اولاد مری بِاَیِّ ذَنْبٍ قُتِلَتْ

سوز ۱۰۹

دیکھا جب ہند نے سجادؑ کو زنداں میں اسیر — پوچھا کیا پہنے ہو فرمایا کہ طوق و زنجیر
ہند بولی مجھے اس وقت ہے اندوہ کثیر — کیا خطا تھی جو ہوئے قید کہا بے تقصیر
حال پوچھا تو کہا موردِ آفات ہیں ہم
کہا کیا قوم ہے فرمایا کہ سادات ہیں ہم
بولی وہ تیرے کوئی پاس ہے لئے خاک نشیں! — سر اٹھا کر کہا عابدؑ نے خداوند زمیں
ہاتھ بیووں کی طرف کرکے پکارا وہ حزیں — یہ ہمارے لئے ہم ان کے لئے ہیں غمگیں
بابا صاحب کے گلے پر جو نہ خنجر پھرتا!
ان کے سر کھلتے نہیں کانٹوں پہ دردر پھرتا
شانِ زینبؑ پہ نظر کرکے کہا یا داور — فاطمہؑ خلد سے زنداں میں آئیں کیونکر
دیکھا بانو کو تو کہنے لگی ششدر ہو کر — اے ایران کی شہزادی ہوئی ننگے سر

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

قدرتِ خالق قیوم نظر آتی ہے!
کوئی زینبؑ کوئی کلثومؑ نظر آتی ہے!

سوز نمبر ۱۱۰

محمدؐ مصطفےٰ نے جس گھڑی دُنیا سے رحلت کی ۔۔۔ رسول اللہ کی بیٹی نے اپنی غیر حالت کی
جو دن آیا تو زاری کی جو شب آئی تو رِقت کی ۔۔۔ علیؑ کے پاس ہمسایوں نے جا کر یہ شکایت کی
ہم عاجز آتے ہیں اس آپ کی زہراؑ کی زاری سے
انہیں سمجھایئے رو دیں نہ یوں وہ بیقراری سے

سوز نمبر ۱۱۱

مقید کر کے زین العابدینؑ کو لے چلے جس دم ۔۔۔ گلے میں طوق تھا بھاری قدم زنجیر میں پیہم
نظر آئی اسے اک سرو پر قمری بچشم نم ۔۔۔ کہا عابدؑ نے اے قمری تجھے کس بات کا ہے غم
تو از سنجاب داری طوق من از آہن اے قمری
یہ بیں طوق تو سنگین است یا طوق من اے قمری
تجھے گل سیلی بال کی اور بیٹھے رو دکھ کی چھاؤں
میں پہنے اس طوق کو دھوپ میں جاتا ننگے پاؤں

تیرے گردن کے حلقہ نے تجھے جو آن کر گھیرا ۔۔۔ نہ کچھ ایذا تجھے پہنچی سلامت بال و پر تیرا
اِدھر آ دیکھ مجھ قیدی کا تھل ہے او رنج ہے بیڑا ۔۔۔ اُدھر بابا مُوا میرا اُدھر گھر لٹ گیا میرا
ترا نسبت چہ با من من ز وصل دوستاں دُورم
گرفتار و غریب و بیکس و محبوس و رنجورم

سوز ۱۱۲

اے شافع روز جزا بلغ العلےٰ بکمالہ ۔۔۔ اے معدن جود و سخا کشف الدجےٰ بجمالہ
احد سے تو احمد ہوا حسنت جمیع خصالہ ۔۔۔ یعنی محمدؐ مصطفےٰ صلو علیہ و آلہ

سوز ۱۱۳

شمر بولا شہ سے اب بھی کوئی یار ساتھ ہے ۔۔۔ عاشق حق نے کہا روح پیمبر ساتھ ہے
ذبح کرنا ہے تو کر سجدہ میں جاتا ہوں میں ۔۔۔ گو نہیں اکبر مگر اللہ اکبر ساتھ ہے

سوز ۱۱۴

ندیا کنارے بانو بی بی کھڑی پکارے اصغرؑ ہو ۔۔۔ گودی بھری خالی کیونکر نیند کے مارے اصغر ہو
منہ پر آنچل ڈالے کب سے ٹھاری ماں تمہاری ۔۔۔ راج دلارے آنکھوں کے تارے تیر کے مارے اصغر ہو

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas
jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

سوز ۱۱۵

خدا کا خاصہ اُمت کا خلاصہ رسول کا نواسہ کوثر کا کُٹیا!
سخاوت کا داتا بخشش کا بھی داتا شہادت کا ماتا سیس کا دیوتا
فخر خلیل کا شرف اسماعیل کا خادند جبرئیل کا قیامت کا بخشوا
آپ امام امام کا باپ امام کا پوت امام کا بھیا

سوز ۱۱۶

مدینہ میں ہیں غم کی فراوانیاں   آج مدینہ میں ہیں درد کی جولانیاں
مدینہ میں ہیں اشکوں کی ارزانیاں   آج مدینہ میں ہیں زلزلہ سامانیاں

سیدِ ابرار نے ترک وطن کر دیا!
قوم کے سردار نے ترک وطن کر دیا!

ں سے پردیس میں ظلم اٹھانے چلے   دیں کی بگڑی ہوئی بات بنانے چلے
، اسلام کی شان بڑھانے چلے   خون سے بے شیر کے رنگ جمانے چلے

سیدِ ابرار نے ترک وطن کر دیا
قوم کے سردار نے ترک وطن کر دیا

خلق کے غم خوار سے شہر چھٹا گھر چھٹا   سرورِ کونین کا روضۂ انور چھٹا
قبرِ برادر چھٹی مسکنِ مادر چھٹا   ہائے وہ بیمارِ غم جس سے کہ گھر بھر چھٹا

سیدِ ابرار نے ترک وطن کر دیا
قوم کے سردار نے ترک وطن کر دیا

سوز ۱۱۷

عزیزو آج یہ نیرنگ ہے زمانے میں   علیؑ کی بیٹیاں جاتی ہیں قید خانے میں!
اٹھائے لاکھ ستم تابہ شام جانے میں   بندھی تھی اک رسن بیکسوں کے شانے میں!

نہ چین پایا نہ سوئے نہ آب و دانہ ملا!
ملا تو شام میں ٹوٹا سا قید خانہ ملا

سوز ۱۱۸

قرآن اکدن بام پہ پڑھتی تھیں بنتِ مرتضےٰ   پڑھتے ہیں قرآن کے سر کی جو نہی سر سے ردا
چھپ گیا خورشید تاباں چھا گئی فوراً گھٹا   اک دن یہ شان تھی پر آن کر ایسا ہوا

شامیاں بستہ بازو زینبؑ و کلثومؑ را!
اے فلک آں ابتدا ایں انتہائے اہلبیت

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas
jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

سوز ۱۱۹

تشنگی

شاہ کی کیوں یاد نہ دلوائے گھٹا　　کھیت سے باغ تلک پانی تو برسائے گا
بلکہ ان روز نہیں یوں آئے گھٹا جائے گھٹا　　دل پہ مجرائی کے کیوں غم کی نہ پھر چھائے گھٹا
شاہ تو پیاسے ہوں اور بوند نہ برسائے گھٹا

سوز ۱۲۰

سنو یارو کام حسین نے رہ عشق میں بڑا کیا　　جو طریق عشق میں فرض تھا اسے قرض تم نے ادا کیا
یہ امتحاں وہ زباں سے کھڑا شکر کہا کیا　　تھا لبوں پہ اس کے خدا خدا جو گلا بھی اس کا کٹا کیا
جو خیال یار میں محو ہوا سے ماسوا کی خبر کہاں
جسے اپنا دم بھی نہ یاد ہو اسے دست و پا کی خبر کہاں

سوز ۱۲۱

کبوتر غرق خوں دیوار صغرا پہ جو آ بیٹھا　　ہوئی حیران نہایت رو رو اس طرح سے پوچھا
غش اس کی بو سے آتا ہے بھرا ہے یہ لہو کس کا　　کبوتر خاک و خوں میں لوٹ کر اس طرح سے بولا
منم آں قاصد خیل غریباں چشم تر دارم　　بخون سید مظلوم غلطاں بال و پر دارم

سوز ۱۲۲

رو ئیں پربت پہاڑ بھی بن بن پکار　　برست سنگت انگار پون بھی سکھ بتار
پڑی کھل بل سگرے سنسار ہیں!
گھٹا چھائی گھنگھور بھیو اندھیر　　اچنبو رو ئیں داور اور مور
ترپت ہیں سشیر کچھار میں
مصطفٰے کا نواسا تین دن کا پیاسا　　لیے گود میں بالک ذرا سا
تنہا کھڑا ہے منجدھار میں!
تن گھائل من ندھال رکھت تکھ پال　　بجھ بھوتس پہ زہرا جی کا لال
کھڑا عبادت کے بچار میں!

سوز ۱۲۳

شہ کہتے تھے بیٹا مری دوات سے خبردار اے عابدؑ بیمار
اور میری سکینہؑ سے بھی تم رہنا خبردار اے عابدؑ بیمار
ہے کون غریبوں کا بھلا پوچھنے والا جو پانی پلائے
قاسمؑ ہیں نہ اکبرؑ ہیں نہ عباسؑ علمدار اے عابدؑ بیمار

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas
jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

سوز ۱۲۴

ماں اکبرؑ نے کہا بابا دُعا میں پڑھنا   قرآن میری بالیں پہ بہت سا پڑھنا
شاید کہ مری قبر پہ قاصد آ جائے   تلقین کے عوض میں خطِ صغرا پڑھنا

سوز ۱۲۵

وَٹ لیا بنجارہ بن میں   گھیر لیا بنجارا بن میں
ہائے حسینؑ پیارا رَن میں!   بیکس کر کے مارا بن میں!

اِک طرف بنجاری روندے!
گھر لٹ گھر باری روندے
شہر بانو دکھیاری روندے   مالک جس کا مارا بن میں

سوز ۱۲۶

شہ کہتے تھے زینبؑ سے نہ گھبراؤ بہن   روتی ہے سکینہ اسے بہلاؤ بہن
دیکھو نہ تہِ زانوئے قاتل ہم کو!
تم سامنے سے بھائی کے ہٹ جاؤ بہن

سوز ۱۲۷

تو اپنے ایک جام پہ نازاں ہے ساقیا   چودہ پلانے والے ہیں پرواہ ہے تیری کیا
بتلائے دیتا ہوں تجھے میخانوں کا پتہ   بطحا و کاظمین و خراسان و سامرا
خورشید مدعا مرا برجِ شرف میں ہے
اک کربلا میں اک مرا ساقی نجف میں ہے

سوز ۱۲۸

جب حرم آئے امیرِ شام کے دربار میں   پیشوا زین العبا تھے عترتِ اطہار میں
طوق اک بھاری پڑا تھا گردنِ بیمار میں   تھی صدا فریاد کی زنجیر کی جھنکار میں
چشم سے تھے اشک جاری گیسوؤں پر خاک تھی
ساتھ عُریاں سر ہر اک بی بی گریباں چاک تھی

سوز ۱۲۹

اے سبطِ نبی وہ کام کر دکھایا تو نے   بگڑے ہوئے کام کو بنایا تو نے
سجدہ میں کٹا کے تو نے گردن واللہ   اسلام کی گردن کو بچایا تو نے

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

سوز ۱۳۰

لاشے جب زینب کے دونوں لاڈلوں کے شاہ دیں　　لائے خیمے میں اُٹھا کر دیتے ہوئے از دشت کیں
بولے زینب سے بہن دونوں ترے مرے نازنیں　　کیا شجاعت سے لڑے ہاں آفریں اُن کے تئیں
آنکھ تک جھپکی نہیں ان دونوں میرے شیر ونکی
برق چمکا کی صفِ جنگاہ میں شمشیر دل کی
وہ رے انکی شجاعت واہ رے انکے حواس　　بیجا سی تھی پھری گویا نہ انکے گرد و پاس
چُور تھے زخموں سے پر چہرے نہ تھے انکے اداس　　مثلِ گل ہر زخم پر کھلتے تھے یہ حق شناس
سینکڑوں جیسے لعینوں کے بہم کھاتے تھے وہ
اور اٹھائے باگیں گھوڑوں کی بڑھے جاتے تھے وہ

سوز ۱۳۱

ظہر تک جب رفقائے شاہ کے مقتول ہوئے　　تھے جو مقبول خدا اور بھی مقبول ہوئے
یک قلم صرف خزاں فاطمہ کے پھول ہوئے　　رو بہ قبلہ شہ دیں شکر میں مشغول ہوئے!
رو کے کہتے تھے کہ اکبر نہیں عباس نہیں
اب امانت کوئی خالق کی مرے پاس نہیں

ولہٗ

اب نہ قاسم مرا باقی ہے نہ اکبر باقی　　آج علمدار سلامت ہے نہ لشکر باقی
بھانجے اور بھتیجے نہ برادر باقی　　اب فقط سر مرا باقی ہے اور اصغرؑ باقی
مَیں نے جو کچھ تیری درگاہ سے پایا مولیٰ
سب تیری راہ میں خوش ہو کے لگایا مولیٰ

سوز ۱۳۲

نکلے خیمے سے جو ہتھیار لگائے عباسؑ!　　چڑھ کے راہوار پہ میدان میں آئے عباسؑ
غُل ہوا مشک و علم ساتھ ہیں لائے عباسؑ　　بولے اک بوند بھی پانی کی نہ پائے عباسؑ
غم ہے پیاسوں کا سبیے جنگ کے ہتھیار بھی ہیں
لڑنے بھی آئے ہیں پانی کے طلبگار بھی ہیں

سوز ۱۳۳

بشر کے جسم سے رنجِ فراقِ جاں پوچھو　　مکیں سے صدمۂ ویرانی مکاں پوچھو
شہید سے الم خنجر و سناں پوچھو　　حسینؑ سے غم فرزند نوجواں پوچھو
ہوا ورود خزاں باغ زندگانی میں　　پدر سے چھوٹ گئے موسم جوانی پوچھو

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

سوز ۱۳۴

ایمان جن کا پھل ہے وہ ایسا حسینؑ ہے — کوثر ہے جس کا قطرہ وہ دریا حسینؑ ہے
بیمار سب جہان ہے مسیحا حسینؑ ہے — خالق کے بید بندوں میں یکتا حسینؑ ہے
حقا یہ بے مثال شکیبائی میں ہوا
جس کا شریک کوئی نہ تنہائی میں ہوا

سوز ۱۳۵

جب رات عبادت میں بسر کی شہ دیں نے — سجدوں میں مہم عشق کی سر کی شہ دیں نے
دیکھا جو سفیدی کو سحر کی شہ دیں نے — مڑ کر رخ اکبرؑ پہ نظر کی شہ دیں نے
فرمایا سحر قتل کی ظاہر ہوئی بیٹا!
اب اٹھ کے اذاں دو کہ شب آخر ہوئی بیٹا

سوز ۱۳۶

نونہال چمن فاطمہؑ زہراؑ حسنینؑ — گل گلزار علیؑ قامت رعنا حسنینؑ
راہی خلد بہ دریائے خداوند زمیں — نقشہ ختم رسل بود سراپا حسنینؑ

سوز ۱۳۷

آفاق میں کبھی یہ ستم کا چلن نہ تھا — لاشہ کسی بشر کا کبھی بے کفن نہ تھا
قابل اجاڑنے کے علیؑ کا چمن نہ تھا — کنبہ نبی کا لائق طوق و رسن نہ تھا
اس طرح دکھ میں ماؤں سے بچے چھٹے نہ تھے
آگے کسی نبیؐ کے حرم یوں کٹے نہ تھے

سوز ۱۳۸

مضطر دل سلطان حجازی نہ ہوا! — شہ سا کوئی صفدر کوئی غازی نہ ہوا
قبلہ کی طرف ذبح ہوئے سجدہ میں — ایسا کوئی دنیا میں نمازی نہ ہوا

سوز ۱۳۹

لگے ہتھیار جب اکبرؑ لگانے — لگا ماں کا کلیجہ منہ کو آنے!
گئی چپکے سے عابدؑ کے سرہانے — لگیں بیمار کا شانہ ہلانے!
اٹھو بیٹا کہ گھر لٹ رہا ہے!
علی اکبرؑ بھی اب مرنے چلا ہے

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas
jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

سوز ۱۴۰

اکبر نے کہا بابا عبث روتے ہو کیوں زخمی مجھے دیکھ کے جی کھوتے ہو
پھر شہ نے کہا کس طرح نہ روؤں بیٹا اٹھارہ برس بعد جدا ہوتے ہو

سوز ۱۴۱

قیامت آئی حرم سرا میں جو شاہ دیں کی سواری آئی
کوئی پکارا کہ آئی آفت کوئی پکاری کہ خواری آئی
اخی کے نزدیک بی بی زینبؑ یہ کرتی باآہ و زاری آئی
کہا بہن کی اجل نہ آئی قریب رحلت تمہاری آئی
زمیں کا پیوند مجھ کو کردو تو جاؤ مرنے کے تم ارادے
یہ مجھ سے دیکھا نہ جائیگا اب رسولؐ زادے امام زادے

سوز ۱۴۲

عالم میں بیمثال ہے یہ کربلا کی جنگ یکساں وغا کی بندۂ و آقا کو تھی اُمنگ
کچھ سن کا امتیاز نہ تفریق نسل و رنگ حق کی صدائے عام تھی میدان تھا نہ تنگ
سر باوفا حسینؑ کے قدموں میں سو گیا آقا کا اور غلام کا خون ایک ہو گیا

سوز ۱۴۳

یوں ایک نصاریٰ سے میں از رہِ نادانی پوچھا کہ مسلماں ہے تو بولا وہ یہ نصرانی
عیسیٰ کے نواسے کو دن عید کے قربانی کرتے تو ہمیں پھبتا دعوائے مسلمانی

سوز ۱۴۴

ظلم و ستم و جور کی طاقت لے لی جو نسل میں جاتی وہ حکومت لے لی
شبیرؑ کے قدموں پہ گرا تاج یزیدؔ بیعت کے طلب گار سے بیعت لے لی

سوز ۱۴۵

پانی جو وہ فاطمہؑ کا جانی مانگے یعنی علیؑ اصغرؑ کی زبانی مانگے
شمرؔ کہے یہ حرملا سے مارا ایسا تیر جس کا مارا کبھی نہ پانی مانگے

سوز ۱۴۶

یونہی زیست کے دن گذر جائیں گے تاسف رہیگا جو مر جائیں گے
یہ کہتی تھی زینبؑ خبر کس کو تھی کہ اکبرؑ جواں ہو کے مرجائیں گے

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

سوز ۱۴۷

خواب میں کس کو ہراوّل کا عطا عہدہ ہوا   کس کا سر قربان فرقِ سرورِ والا ہوا
صبح فوجِ شام میں اور جنت میں شام   تھا حرِ غازی کی قسمت میں یہ لکھا ہوا

سوز ۱۴۸

کہتی تھی سکینہؑ گھر کا جلنا دیکھا   ماں بہنوں کا بلوے میں نکلنا دیکھا
زنداں میں گئی اور طمانچے کھائے   اس چار برس کے سن میں کیا کیا دیکھا

سوز ۱۴۹

شہ کہتے تھے خالق کا شناسا ہوں میں   کر رحم پیمبرؐ کا نواسا ہوں میں
ہاں پانی پلا کے قتل کرنا مجھ کو   اے شمر کئی روز کا پیاسا ہوں میں

سوز ۱۵۰

مرقد بھی شہیدوں کے بنائے نہ گئے   کچھ لوگ بھی فاتحہ کو آئے نہ گئے
چالیسویں تک پڑے رہے مقتل میں   وہ پھول سوئم کو بھی اٹھائے نہ گئے

مخصوص رباعیات و مراثی میر انیس کے چند بند

تیغ حسینی

کاٹھی سے اس طرح ہوئی وہ شعلہ خو جدا   جیسے کنارِ شوق سے ہو خوبرو جدا
مہتاب سے شعاع جدا گل سے بو جدا   سینے سے دم جدا رگِ جاں سے لہو جدا
گرجا جو رعد ابر سے بجلی نکل پڑی
محمل میں دم جو گھٹ گیا لیلیٰ نکل پڑی

بچھ بچھ گئیں صفوں پہ صفیں وہ جہاں چلی   چمکی تو اس طرف ادھر آئی وہاں چلی
دونوں طرف کی فوج پکاری کہاں چلی   اس نے کہا یہاں وہ پکاری وہاں چلی
منہ کس طرف ہے تیغ زنوں کو خبر نہ تھی
سر گر رہے تھے اور تنوں کو خبر نہ تھی

آیا خدا کا قہر جدھر سن سے آ گئی   کانوں میں الاماں کی صدا سن سے آ گئی
دو کر کے خود زین پہ جوشن سے آ گئی   کھنچتی ہوئی زمین پہ توسن سے آ گئی
بجلی گری جو خاک پہ تیغِ جناب کی!
آئی صدا زمین سے یا بوتراب کی!

jabir.abbas@yahoo.com
Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

عمر سعد کا خطاب حُر سے

حُر سے گھبرا کے یہ بولا عمر سعدِ شریر — یہ تو ہے صاف طرفداری شہ کی تقریر
اپنے حاکم کا نہ کچھ ذکر نہ تعریفِ امیر — اللہ اللہ یہ اوصاف یہ مدح شبیرؑ

سُن چکا ہوں میں کہ مضطر ہے کئی راتوں سے
الفتِ شاہؑ ٹپکتی ہے تری باتوں سے

نہ وہ آنکھیں نہ وہ چتون نہ وہ تیور نہ مزاج — سیدھی باتوں میں بگڑتا یہ نیا طور ہے آج
تخت بخشا ہے محمدؐ کے نواسے نے کہ تاج — جس کو سمجھا ہے غنی دل میں وہ خود ہیں محتاج

کونسا باغ تجھے شاہ نے دکھلایا ہے
کہیں کوثر کے تو چھینٹوں میں نہیں آیا ہے

کیا کسی حور کا دکھلایا ہے حضرت نے جمال — مِل گیا سایۂ طوبیٰ کو جو الیا ہے نہال
قصرِ یاقوت میں پہنچا جو تیرا رنگ ہے لال — کون سے میوۂ شیریں پہ ٹپکتی ہے رال

دفعتاً حق نمک کو بھی فراموش کیا!!
کیا تجھے بادۂ تسنیم نے بیہوش کیا!

میں جہاں یہ سمجھا ہوں سبب کچھ ہے تیری — قرۃ العین محمدؐ پہ نظر ہے تیری

ہونٹ بھی خشک ہیں اور چشم بھی تر ہے تیری — جسم خالی ہے ادھر جان ادھر ہے تیری

راہ میں کچھ جو سلوک اور نوازش کی ہے
تو نے فرزند ید اللہ سے سازش کی ہے

خیر مخفی نہ رہے گا یہ قصور اور یہ فتور — لکھیں گے عہدۂ اخبار پہ جو ہیں مامور
حاکمِ شام ہے جابر دے سزا دیگا ضرور — گر تجھے دار پہ کھینچے تو کچھ اس سے نہیں دور

سب تری قوم کے سر تن سے جدا ہو جائیں گے
زن و فرزند گرفتار بلا ہو جائیں گے!

خوف کس بات کا پیاسوں نے یہ تھرانا کیا — لب پہ ہر مرتبہ بیکس کی ثنا لانا کیا!
ننگ کی بات ہے دشمن کی طرف جانا کیا — ہو نبی یا کہ وصی جنگ میں شرمانا کیا

ابھی لے جائیں جو شبیرؑ کا سر ہاتھ لگے
خُلد ہم اس کو سمجھتے ہیں کہ زر ہاتھ لگے

(حُر کا جواب)

اک میں کیا ہوں زمانے پہ ہے احسان ان کا — ابرِ رحمت ہیں خطا پوش ہے داماں ان کا
خشک و تر پر ہے کرم خلق میں یکساں ان کا — اے خوشا حال جو غربت میں ہو مہماں ان کا

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas
jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

جنتی ہے جسے حاصل یہ شرف ہوئے گا
جو اُدھر ہوگا خدا اس کی طرف ہوئیگا

یہ ابھی ہاتھ اٹھا کر جو دُعا فرمائیں   جتنے عالم کے گناہگار ہیں بخشے جائیں
حق سے جس شے کے طلبگار ہوں فوراً پائیں   جامِ کوثر پئیں فردوس سے حوریں لائیں

مثلِ خورشید سے روشن وہ شرف ان کا ہے

[illegible]

عمل خیر سے بیگانہ ہے اور ابلیس نما   یہی کونین کا مالک یہی رئیس [illegible]
کیا مجھے دیگا تیرا حاکم ملعون و خسیس   کچھ تردد نہیں کہدے کہ لکھیں ہیچ نویس

ہاں سوئے ابن شہنشاہِ عرب جاتا ہوں
اے ستم گر جو نہ جاتا تھا تو اب جاتا ہوں

صُبح

وہ صبح اور وہ چھاؤں ستاروں کی اور وہ نُور   دیکھے تو غش کرے ارنی گوئے اوجِ طور
پیدا اگلوں سے قدرت اللہ کا ظہور   وہ جا بجا درختوں پہ تسبیح خواں طیور

گلشن خجل تھے وادیٔ مینو اساس سے
جنگل تھا سب بسا ہوا پھولوں کی باس سے

[illegible]

وہ چہچہے وہ نالۂ مرغانِ خوش نوا   سردی جگر کو بخشتی تھی صبح کی ہوا
پھولوں کے سبز سبز شجر سُرخ پوش تھے
تھالے بھی نخل کے سبدِ گل فروش تھے

وہ دشت وہ نسیم کے جھونکے وہ سبزہ زار   پھولوں پہ جا بجا وہ گہرہائے آب دار
اٹھنا وہ جھوم جھوم کے شاخوں کا بار بار   بالائے نخل ایک جو بلبل تو گل ہزار

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas
jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

خواہاں تھے نخلِ گلشنِ زہرا جواب کے
شبنم نے بھر دیئے تھے کٹورے گلاب کے

علی اصغرؑ کی وکالت

ہر اک قدم پہ سوچتے تھے سبطِ مصطفیٰ — لے تو چلا ہوں فوج عمر سے کہوں گا کیا!
نے مانگنا ہی آتا ہے مجھ کو نہ التجا — منت بھی گر کروں گا تو کیا دیں گے وہ بھلا
پانی کے واسطے نہ سنیں گے عدو مری
پیاسے کی جان جائے گی اور آبرو مری

پہنچے قریب فوج تو گھبرا کے رک گئے — چاہا کریں سوال پہ شرما کے رہ گئے
غیرت سے رنگ فق ہوا تھرا کے رہ گئے — چادر پسر کے چہرے سے سرکا کے رہ گئے
آنکھیں جھکا کے بولے کہ یہ ہم کو لائے ہیں
اصغر تمہارے پاس غرض لے کے آئے ہیں

گر میں بقولِ عمر و شمر ہوں گنہگار — یہ تو نہیں کسی کے بھی آگے قصور وار
شش ماہہ بے زبان نبی زاد شیرخوار — ہفتے سے سب کے ساتھ پیاسا ہے بیقرار
سن ہے جو کم تو پیاس کا صدمہ زیادہ ہے
مظلوم خود ہے اور یہ مظلوم زادہ ہے

دعائے امام حسینؑ

تو خالق غفار ہے میں بندۂ احقر — مادر نہیں بابا نہیں نانا نہیں سر پر
دشمن مرے لاکھوں ہیں اور انصار بہتر — اک خشک مرا حلق ہے اور سینکڑوں خنجر
میں یہ نہیں کہتا کہ ظفر دیجیو یارب!
مقتولِ شہادت تو مری کیجیو یارب!

یارب ہے خطرناک ترے عشق کی منزل — یہ راہ رسولوں نے بھی کی قطع بمشکل
پر کچھ نہیں مشکل جو ترا فضل ہو شامل — معمور کر اب عشق سے اپنے تو مرا دل
سینے کو مرے مخزنِ تسلیم و رضا کر
ثابت قدمی تو مرے پاؤں کو عطا کر

(امام حسینؑ اور سکینہؑ میں پیار کی باتیں)

یہ ذکر ابھی تھا کہ سکینہ نے پکارا — سونا تو گیا آپ کے ہمراہ ہمارا!
میں جاگتی ہوں اور جہاں سوتا ہے سارا — گردوں پہ چمکنے نہ لگے صبح کا تارا!
نیند آئی ہے بیٹی کو سلا جائیے بابا!
بس ہو چکیں باتیں اب ادھر آئیے بابا

حضرت نے کہا میں تری آواز کے قربان — اللہ تم اب تک نہیں سوئیں مری جان!

jabir.abbas@yahoo.com
Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

غربت میں کہاں راحت و آرام کا سامان — بن باپ کے تمکو تو نہیں چین کسی آن
اچھی نہیں عادت یہ نہ رویا کرو بی بی
پہلو میں کبھی ماں کے بھی سویا کرو بی بی

کیا ہوئے جو ہم گھر میں کسی شب کو نہ آئیں — مجبور ہوں ایسا کہ تمہیں چھوڑ کے جائیں
تم پاؤ نہ ہم کو نہ تمہیں ہم کہیں پائیں — بی بی کو پھر چھاتی پہ کس طرح سلائیں
جنگل میں بہت قافلے لٹ جاتے ہیں بی بی
برسوں جو رہے ساتھ وہ چھٹ جاتے ہیں بی بی

جب عمر تھی کم ہم بھی چھٹے تھے یونہی ماں سے — سوتے تھے لپٹ کر یونہی خاتون جناں سے
کوچ ان کا ہوا سامنے آنکھوں کے جہاں سے — ماتم سے ملیں وہ نہ بکا سے نہ فغاں سے
یہ داغ یہ اندوہ والم سب کے لئے ہیں
ماں باپ زمانے میں سدا کس کے جیئے ہیں

رستہ وہ اجل کا ہے کہ ہوتا ہی نہیں بند — کوچ آج پدر کا ہے تو کل جائیگا فرزند
ہوتا ہے تعلق فرقت اولاد میں وہ چند — کیا زور ہے بندے کا جو مرضی خداوند
جو آئے ہیں دنیا میں وہ سب کوچ کرینگے
اس زیست کا انجام یہی ہے کہ مریں گے

امام حسینؑ کی نصیحت حضرت زینبؑ کو

فرمایا شہ نے صبر بہن چاہیئے تمہیں! — خالق کی یاد سر و علن چاہیئے تمہیں
لب پر رضا رضا کا سخن چاہیئے تمہیں — جو ماں کا تھا چلن وہ چلن چاہیئے تمہیں
ہر بار پوچھتے تھے سبب آہ سرد کا
شکوہ کیا علیؑ سے نہ پہلو کے درد کا

یہ سچ کہ تم کو مجھ سے محبت ہے اے بہن — کیا کیجیے نا گریز یہ فرقت ہے اے بہن!
پیارے تمہارے بھائی کی رخصت ہے اے بہن — دنیا مقام رنج و مصیبت ہے اے بہن
بھولے نہ یاد حق کبھی گو حال غیر ہوا
اس کی ظفر ہے خاتمہ جس کا بخیر ہو

حضرت عباسؑ اپنے گھوڑے پر

کہہ کر یہ بات باگ اٹھائی سمند کی! — صورت بدل گئی فرس سربلند کی
چھل بل ہرن کی تیز پری تھی پرند کی — سرعت بلائیں لیتی تھی ہر جوڑ بند کی
بجلی چمک کے چھپ گئی پارا تڑپ گیا!
جنگل میں یوں اڑا کہ چکارا تڑپ گیا!

مرکب قدم زمیں پہ نہ رکھتا تھا ناز سے — بجلی کو خوف کیا ہے نشیب و فراز سے
چالاکیاں دکھاتا تھا کس امتیاز سے — اڑتا تھا پر صدا نہ نکلتی تھی ساز سے

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

راکب وہ ہیں جو فرقِ دو عالم کے تاج ہیں
گھوڑا بھی جانتا تھا کہ نازک مزاج ہیں

گھوڑے کی وہ شکوہ وہ شوکت سوار کی　　تصویر تھی ہوا پہ شہ ذوالفقار کی
وہ نور وہ چمک علم زرنگار کی!!　　خوشبو مہک رہی تھی نسیمِ بہار کی
پنجہ نہ تھا نشانِ ثریّا مآب کا!
تھا فرقِ جبرئیل یہ تاج آفتاب کا

گرمی

گرمی کا زور جنگ کی کیونکر کروں بیاں　　ڈر ہے کہ مثلِ شمع نہ جلنے لگے زباں
وہ لوں کہ الحذر وہ حرارت کہ الاماں　　رن کی زمیں تو سرخ تھی اور زرد آسماں
آبِ خنک کو خلق ترستی تھی خاک پر
گویا ہوا سے آگ برستی تھی خاک پر

وہ لوں وہ آفتاب کی حدّت وہ تاب و تب　　کالا تھا رنگ دھوپ سے ان کا مثالِ شب
خود نہرِ علقمہ کے بھی سوکھے ہوئے تھے لب　　خیمے تھے جو حبابوں کے تپتے تھے سب کے سب
اڑتی تھی خاک خشک تھا چشمہ حیات کا
کھولا ہوا تھا دھوپ سے پانی فرات کا

آبِ رواں سے منہ نہ اٹھاتے تھے جانور　　جنگل میں چھپتے پھرتے تھے طائر ادھر ادھر
مردم تھے سات پردوں کے اندر عرق میں تر　　خس خانۂ مژہ سے نکلتی نہ تھی نظر
گر چشم سے نکل کے ٹھہر جائے راہ میں
پڑ جائیں لاکھ آبلے پائے نگاہ میں

دیگر

نمک خوانِ تکلّم ہے فصاحت میری　　ناطقے بند ہیں سن سن کے بلاغت میری
رنگ اڑتے ہیں وہ رنگین ہے عبارت میری　　شور جس کا ہے وہ دریا ہے طبیعت میری
عمر گذری ہے اسی دشت کی سیاحی میں
پانچویں پشت ہے شبیرؑ کی مداحی میں

ایک قطرے کو جو دوں بسط تو قلزم کر دوں　　بحرِ مواجِ فصاحت کا تلاطم کر دوں
ماہ کو مہر کروں ذرّے کو انجم کر دوں　　گنگ کو ماہرِ اندازِ تکلم کر دوں!
درد ہوتا ہے بے رنگ نہ فریاد کریں
بلبلیں مجھ سے گلستاں کا سبق یاد کریں

سُبک ہو رہی تھی ترازوئے شعر　　مگر ہم نے پلّہ گراں کر دیا!
مری قدر کر اے زمینِ سخن　　تجھے بات میں آسماں کر دیا

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com　　http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

رُباعیات میر انیسؒ

پتلی کی طرح نظر سے مستور ہے تو
آنکھیں جسے ڈھونڈھتی ہیں وہ نور ہے تو
قربت رگِ جاں سے اور پھر اس پہ یہ بُعد
اللہ اللہ کس قدر دور ہے تو!!

دنیا میں محمدؐ سا شہنشاہ نہیں!
کس راز سے خالق کے وہ آگاہ نہیں
باریک ہے ذکرِ قربِ معراج انیسؔ
خاموش کہ یہاں سخن کو بھی راہ نہیں

مائل نہیں طبعِ پاک اِس دُنیا پر
مردم ہیں عبث ہلاک اس دنیا پر
فرزندِ ابوتراب محتاج لحد!
تف اس دنیا پہ خاک اِس دُنیا پر

انساں ہی کچھ اس دور میں پامال نہیں
سچ ہے کوئی آسودہ و خوشحال نہیں
اندیشۂ آشیان و خوفِ صیّاد
مرغانِ چمن بھی فارغ البال نہیں

نافہم سے کب دادِ سخن لیتا ہوں
دُشمن ہو کہ دوست سب کی سُن لیتا ہوں
چھپتی نہیں بوئے بوستانِ یک رنگ
کانٹوں کو ہٹا کے پھول چُن لیتا ہوں

رباعیات میر انیسؔ

احباب سے امید ہے بے جا مجھ کو!
امید عطائے حق ہے زیبا مجھ کو!
کیا ان سے توقع کہ میانِ مرقد
چھوڑ آئیں گے اِک روز یہ تنہا مجھ کو

کیوں زر کی ہوس میں آبرو دیتا ہے
نادان یہ کسے فریب تو دیتا ہے
لازم نہیں اپنے منہ سے تعریف انیسؔ
خالص ہے جو مشک آپ بو دیتا ہے

توقیر تیرے ہی آستانے سے ملی
عزت تیرے در پہ سر جھکانے سے ملی!
مال و زر و آبرو و دین و ایماں
کیا کیا دولت تیرے خزانے سے ملی

دولت کا ہمیں خیال آتا ہی نہیں
وہ نشۂ فقر ہے کہ جاتا ہی نہیں
لبریز ہیں یہ ساغرِ استغنا سے
آنکھوں میں کوئی غنی سماتا ہی نہیں

افضل ہے اگر ایک تو اعلیٰ ہے ایک
گر غور کرو تو موج و دریا ہے ایک
ہیں نورِ محمدؐ و علیؑ ہے واحد
ہیں اسم تو دو مگر مسمّیٰ ہے ایک

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

طالب دعاء

سید نزر عباس

اپنے بچوں کے پڑھنے کے لیئے جمع کیا

(چند سوز کٹ گئے ہیں جس کے لئے معذرت خواہ ہوں)

Scanned on 25.5.2003

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas